دارُالفلاح
تعلیم بالغاں کورس (۱)

## ۴۰ روزہ

# تربیتی کورس

چالیس احادیث
چالیس مسنون دُعائیں
طہارت و نماز کے بنیادی مسائل

پسند فرمودہ
حضرت مولانا محمد یوسف افشانی صاحب دامت برکاتہم العالیہ
استاذُالحدیث و رئیس دارالافتاء، جامعہ فاروقیہ کراچی

مرتب
مولانا مفتی احمد خان صاحب
اُستاذ و رفیق شعبہ دارالافتاء، جامعہ فاروقیہ کراچی
امام و خطیب جامع مسجد الفلاح (ٹرسٹ)

مکتبۃُ الارشاد

دار الفلاح
تعلیم بالغاں کورس ①

# ۴۰ روزہ
# تربیتی کورس

چالیس احادیث | چالیس مسنون دعائیں
طہارت و نماز کے بنیادی مسائل

پسند فرمودہ

حضرت مولانا محمد یوسف افشانی صاحب دامت برکاتہم العالیہ
استاذ الحدیث و رئیس دار الافتاء، جامعہ فاروقیہ کراچی

مرتب
مولانا مفتی احمد خان صاحب
اُستاذ و رفیق شعبہ دار الافتاء، جامعہ فاروقیہ کراچی
امام و خطیب جامع مسجد الفلاح (ٹرسٹ)



مکتبۃ الارشاد
دوکان نمبر ۸، ریلوے اسٹیشن، رفاہ عام سوسائٹی، ملیر ہالٹ، کراچی۔

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | چالیس روزہ تربیتی کورس (دارالفلاح تعلیم بالغاں کورس ۱) |
| تالیف | : | مولانا مفتی احمد خان صاحب مدظلہٗ |
| سن اشاعت اول | : | جمادی الاول ۱۴۳۲ھ بمطابق اپریل ۲۰۱۱ء |
| سن اشاعت دوم | : | جمادی الثانی ۱۴۳۳ھ بمطابق مئی ۲۰۱۲ء |
| تعداد | : | ۱۱۰۰ سو |
| ناشر | : | مکتبۃ الارشاد، ملیر ہالٹ، کراچی۔ 0333-3730428 |

## استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے انسانی طاقت وبساط کے مطابق کتابت،
طباعت، تصحیح وجلدسازی میں پوری احتیاط کی گئی ہے۔
تاہم انسان، انسان ہے، سہواً اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں
توازراہِ کرم مطلع فرمادیں، تاکہ آئندہ ایڈیشن تصحیح ہوسکے۔
(مکتبۃ الارشاد)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پیش لفظ

الحمد للہ و کفی والصلوۃ والسلام علی عبادہ الذین اصطفی, أما بعد!

حضرت شیخ الحدیث دامت فیوضہم اور اکابر اساتذہ کرام کی طرف سے بندہ کی جامع مسجد الفلاح میں تشکیل ہوئی تو وہ رمضان سے پہلے کے چند دن تھے، بندہ نے ناتجربہ کاری اور کم علمی کے احساس کے باوجود ایک امتحان، اور دین کے کام کا ایک میدان سمجھ کر کام شروع کیا، رمضان میں دوسری مختلف ترتیبوں کے ساتھ ایک یہ ترتیب بھی شروع کی کہ روزانہ ایک حدیث، ایک مسنون دعا، اور نماز وطہارت کے کچھ بنیادی مسائل کمپوز کر کے اس کی فوٹو کاپی کروالیتا، اور ظہر کی نماز کے بعد تقریباً پندرہ منٹ کے قریب کی نشست میں اس حدیث کے مختصر درس کے ساتھ، مسنون دعا کو یاد کروانے اور مسائل کو سمجھانے کی کوشش کرتا محض اللہ کے فضل کے ساتھ یہ ترتیب بہت کامیاب اور مفید رہی۔

چونکہ رمضان میں صرف چھبیس (۲۶) دروس ہو سکے تھے، اور ساتھیوں کی طرف سے فوٹو کاپی کا مطالبہ ہونے لگا، اس مطالبے کے پیش نظر اس بات کی ضرورت محسوس ہوئی کہ اس کے چالیس (۴۰) دروس پورے کر کے مکمل تربیتی کورس کی شکل دی جائے، اللہ تعالیٰ دارالفلاح کے تمام ساتھیوں کو بطور خاص مکتبہ الارشاد کے احباب کو جزائے خیر عطاء فرمائیں، کہ انھوں نے کافی محنت کر کے اس کی تکمیل کے مراحل میں تعاون فرمایا اور حفاظت اور افادہ عام کے پیشِ نظر چھپوانے کی ترتیب بنائی۔ پھر اللہ کے فضل وکرم سے جون جولائی میں اسکول، کالج اور یونیورسٹیز کے طلبا کے لئے "تعلیم وتربیتی کورس" کے نام سے سمر کلاسز کا اہتمام کیا، اس میں اس رسالہ کو بطور نصاب پڑھایا اور یاد کرایا گیا، اس کی ترتیب یہ رہی

کہ چونکہ اس رسالہ میں چالیس مختلف اصلاحی وتربیتی موضوعات پر چالیس احادیث ہیں، تو روزانہ ایک حدیث پر حسبِ موضوع ومقام درس ہوتا، اور مسنون دعا بمع ترجمہ اور مسائل سمجھائے جاتے، اس کے بعد مسنون دعا اور حدیث کو یاد کرنے کے لئے تھوڑی دیر کے لئے حلقوں کی صورت میں مذاکرہ کرایا جاتا اور آخر میں سوال وجواب کی نشست ہوتی۔ یاد رہے کہ سمر کلاسز میں اس کورس کے علاوہ نماز کے عملی ڈھانچے اور تجوید کے ساتھ اندرونِ ملک میں کمپیوٹر وانگلش لینگوتج، اور کراچی شہر میں عربی لینگوتج کورس کے اسباق بھی شامل تھے۔

اس رسالے کا دوسرا ایڈیشن آپ کے ہاتھ میں ہے، جبکہ کورس نمبر دو بھی پریس کے لئے تیار ہے، یہ صرف اور صرف اس خدائے لم یزل کا احسان اور فضل وکرم ہے، بارگاہِ ایزدی میں دست بستہ دعا ہے کہ اللہ تعالی ہماری اس حقیر کاوش کو اپنے فضل وکرم سے شرف قبولیت عطا فرمائیں، اور اپنے محبوب کی امت کے لئے نفع مند، اور ہم سب کے لئے ذریعہ نجات بنائیں۔

وصل اللہ علی خیر خلقہ محمد آلہ وصحبہ اجمعین

(مولانا مفتی) احمد خان (صاحب مدظلہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تقریظ

**الحمد للہ رب العلمین والعاقبۃ للمتقین والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ وصحبہ أجمعین أما بعد...**

یہ بات کسی پر مخفی نہیں کہ دین کا سیکھنا اس حد تک کہ عقائد، اعمال اور اخلاق درست ہو جائیں ہر مسلمان مرد وزن پر لازم اور ضروری ہے، اسی ضرورت واہمیت کے پیش نظر مدارس کے مروج درس نظامی سے ہٹ کر مدارس، مساجد ومراکزِ دینیہ میں موقعہ بموقعہ مختلف المیعاد مختصر کورسز پڑھانے کا انعقاد کیا جاتا ہے، چنانچہ حضرات علمائے کرام جون، جولائی، رمضان وشعبان میں چالیس روزہ کورسز کا اہتمام کراتے ہیں، جو بنیادی دینی تعلیم سے آگہی کا اہم ذریعہ ہے، اس کی وجہ سے عوام اور بالخصوص نوجوانوں میں دینی شوق پیدا ہو جاتا ہے۔

اسی مقصد کے پیش نظر جامعہ فاروقیہ کراچی کے استاذ ورفیق دار الافتاء حضرت مولانا مفتی احمد خان صاحب زید مجدھم نے الفلاح مسجد میں رمضان المبارک میں روزانہ ایک حدیث، ایک مسنون دعا، اور طہارت ونماز کے چند بنیادی مسائل کا مذاکرہ کروایا، پھر ان سب کو جمع کر کے یہ عجالہ نافعہ مرتب کیا ہے، پھر اس کو جون جولائی کی چھٹیوں میں عصری تعلیمی اداروں کے طلباء کے لئے مختلف جگہوں پر منعقدہ سمر کلاسز کا حصہ بنایا، حضرت مفتی صاحب نے اس سلسلے میں بڑی محنت کی اور جانفشانی

سے کام لیا، یقیناً یہ رسالہ بڑا مفید ہے، ائمہ کرام بھی اس سے استفادہ کر کے اپنی مساجد میں تعلیم و تعلم کا ماحول پیدا کر سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب کی مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے اور اس رسالے کو نئی نسل کے لئے رشد و ہدایت کا ذریعہ بنادے اور ہم سب کے لئے اسے آخرت میں نجات کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔

محمد یوسف افشانی
۳،۶،۱۴۳۳ھ

(حضرت مولانا) محمد یوسف افشانی (صاحب دامت برکاتھم العالیہ)
استاذ الحدیث و رئیس دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

اللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اللّٰھُمَّ
بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

# درس نمبر: ۱

## حدیث:

"مَنْ حَفِظَ عَلٰی اُمَّتِیْ أَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا فِیْ اَمْرِ دِیْنِهَا بَعَثَهُ اللّٰهُ فَقِیْهًا وَ کُنْتُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ شَافِعاً وَ شَهِیْداً"۔(۱)

ترجمہ: میری امت میں سے جو شخص دین کے بارے میں چالیس حدیثیں یاد کرے گا، اللہ تعالی اس کو قیامت کے دن فقیہ (عالم) بنا کر اٹھائیں گے اور میں قیامت کے دن اس کے لئے سفارش کروں گا اور گواہی دونگا۔

## مسنون دعا:★

جب سو کر اٹھیں تو یہ دعا پڑھیں:

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَحْیَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَ إِلَیْهِ النُّشُوْرُ"۔(۲)

ترجمہ: سب تعریفیں خدا ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں موت دے کر زندگی بخشی اور ہم کو اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے۔

## مسائل و احکام:

وضو کے فرائض چار ہیں: ☆☆

۱- منہ دھونا۔ ۲- دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھونا۔

۳- چوتھائی سر کا مسح کرنا۔ ۴- دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

☆ بعض مسنون دعاؤں کے الفاظ کے انتخاب میں مشہور الفاظ و عبارت کے بجائے ان الفاظ کا چناؤ کیا گیا ہے جو کہ ہمیں مستند و معتبر کتابوں میں مل سکے۔

☆☆ واضح رہے کہ مذکورہ بالا اعضاء میں سے کسی عضو کی بال برابر بھی جگہ خشک رہ جائے تو وضوء نہیں ہوگا۔

---

(۱) مشکوۃ المصابیح، کتاب العلم، الفصل الثالث، رقم الحدیث: ۲۵۸۔

(۲) بخاري، کتاب الدعوات، رقم الحدیث: ۲۳۱۴۔

# درس نمبر: ۲

## حدیث:

"إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ"۔(۱)

ترجمہ: سارے عمل نیت سے ہیں (یعنی اچھی نیت سے اچھے اور بری نیت سے بُرے ہوجاتے ہیں)۔

## مسنون دعا:

بیت الخلاء جانے سے پہلے بسم اللہ کہیں اور یہ دعا پڑھیں:

"اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ"۔(۲)

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں خبیث (ناپاک) جنوں سے، مرد ہوں یا عورت۔

## مسائل واحکام:

وضو کی سنتیں:☆

۱۔نیت کرنا۔
۲۔ابتداء میں بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھنا۔
۳۔دونوں ہاتھ کلائی تک دھونا۔
۴۔مسواک کرنا، اگر نہ ہو تو انگلی سے دانتوں کو ملنا۔
۵۔تین بار کلی کرنا۔
۶۔تین بار ناک میں پانی ڈالنا۔
۷۔اگر روزہ نہ ہو تو کلی اور ناک میں پانی چڑھانے میں مبالغہ کرنا۔
۸۔تین بار چہرہ دھونا۔
۹۔داڑھی کا خلال کرنا۔

☆ ان چیزوں کے چھوڑنے سے خلافِ سنت کا ارتکاب لازم آئے گا، لیکن وضوء ہوجائے گا، ان کے چھوڑنے کی عادت بنانے والا گناہ گار ہوگا۔

(۱)بخاري، كتاب بدء الوحي، باب كيف كان بدء الوحي، رقم الحديث: ۱۔

(۲)بخاري، كتاب الدعوات، رقم الحديث: ۶۳۲۲۔

# درس نمبر: ۳

## حدیث:

"لَا یَرْحَمُ اللّٰہُ مَنْ لَا یَرْحَمُ النَّاسَ"۔(۱)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہ کرے۔

## مسنون دعا:

**بیت الخلاء سے باہر نکل کر یہ دعا پڑھیں:**

"اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ"۔(۲)

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے مجھ سے ایذا دینے والی چیز دور کی اور مجھے چین دیا۔

## مسائل واحکام:

**وضو کی سنتیں:**

۱۰۔ ہاتھوں اور پیروں کی انگلیوں کا خلال کرنا۔

۱۱۔ تمام سر کا ایک بار مسح کرنا۔ ۱۲۔ اعضاءِ وضو کو مَل مَل کر دھونا۔

۱۳۔ پے در پے دھونا۔ ۱۴۔ ترتیب وار دھونا۔

۱۵۔ داہنی طرف سے پہلے دھونا۔ ۱۶۔ سر کے اگلے حصہ سے مسح کرنا۔

۱۷۔ سر کے مسح کے ساتھ نیا پانی لیے بغیر گردن کا مسح کرنا۔

۱۸۔ وضو کے بعد کلمہ شہادت اور مسنون دعا پڑھنا۔

---

(۱) بخاري، کتاب التوحید، رقم الحدیث: ۷۳۷۶۔

(۲) سنن ابن ماجه، کتاب الطهارة، رقم الحدیث: ۳۰۱۔

# درس نمبر: ۴

## حدیث:

"إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ أَحْسَنُكُمْ أَخْلَاقاً" (۱)

ترجمہ: تم میں سے وہ شخص میرے نزدیک زیادہ محبوب ہے جو اچھے اور بہترین اخلاق کا مالک (حامل) ہو۔

## مسنون دعا:

جب وضو شروع کریں تو یہ دعا پڑھیں:

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ"۔ (۲)

ترجمہ: شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

## مسائل واحکام:

وضو کے نواقض (وضو کو توڑنے والی چیزیں):

۱۔ پاخانہ کرنا۔

۲۔ پیشاب کرنا۔

۳۔ ہوا خارج ہونا۔

۴۔ خون یا پیپ کا نکل کر بہہ جانا۔

---

(۱) بخاري، كتاب فضائل أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم، رقم الحديث: ۳۷۵۹۔

(۲) سنن أبي داؤد، كتاب الطهارة، رقم الحديث: ۱۰۱۔

# درس نمبر: ۵

## حدیث:

"حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ: رَدُّ السَّلَامِ، وَ عِيَادَةُ الْمَرِيضِ، وَ اتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ، وَإِجَابَةُ الدَّعْوَةِ وَ تَشْمِيتُ الْعَاطِسِ"۔(۱)

ترجمہ: مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں:

۱۔سلام کا جواب دینا ۲۔مریض کی مزاج پرسی (عیادت) کرنا

۳۔جنازے کے پیچھے جانا ۴۔دعوت قبول کرنا

۵۔چھینک والے کا جواب دینا (اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کو سن کر يَرْحَمُكَ اللّٰهُ کہنا)۔

## مسنون دعا:

<u>وضو کے دوران یہ دعا پڑھیں:</u>

"اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ"۔(۲)

ترجمہ: اے اللہ میرے گناہوں کو معاف کر دے، اور میرے لئے میرے گھر میں کشادگی کر دے، اور میرے لئے میرے رزق میں برکت عطا فرما۔

## مسائل و احکام:

<u>وضو کے نواقض (وضو کو توڑنے والی چیزیں):</u>

۵۔منہ بھر کے قے ہونا۔ ۶۔ٹیک لگا کر یا لیٹ کر سونا۔

۷۔نشہ میں مست یا بے ہوش ہونا۔ ۸۔رکوع وسجدہ والی نماز میں قہقہہ مار کر ہنسنا۔

---

(۱) بخاري، كتاب الجنائز، رقم الحديث: ۱۲۴۰۔

(۲) سنن النسائي، كتاب الصلاة، رقم الحديث: ۹۸۲۷۔

# درس نمبر: ٦

## حدیث:

"لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ"۔(١)

ترجمہ: رشتہ قطع کرنے والا جنت میں نہیں جائے گا۔

## مسنون دعا:

جب وضو کر چکے تو یہ دعا پڑھیں:

"أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ"۔(٢)

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، وہ تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں ہے، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، اللہ مجھے بہت توبہ کرنے والوں میں اور خوب پاک رہنے والوں میں شامل کر دے۔

## مسائل واحکام:

غسل کے فرائض:☆

١-کلی کرنا۔

٢-ناک میں پانی ڈالنا۔

٣-سارے بدن کا ایک بار دھونا۔

☆ پورے بدن میں ایک بال برابر بھی خشک جگہ رہ گئی تو غسل نہیں ہوگا۔

(١)بخاري، كتاب الأدب، رقم الحديث: ٥٩٨٤۔

(٢)ترمذي، أبواب الطهارة، رقم الحديث: ١٦٥٢۔

# درس نمبر:۷

## حدیث:

"مَا اَسۡفَلَ مِنَ الۡكَعۡبَيۡنِ مِنَ الۡاِزَارِ فِي النَّارِ"۔(۱)

ترجمہ: پائجامہ کا جو حصہ ٹخنوں کے نیچے رہے گا وہ جہنم میں جائے گا۔

## مسنون دعا:

اذان ختم ہونے کے بعد یہ دعا پڑھیں:

"اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعۡوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الۡقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الۡوَسِيۡلَةَ وَالۡفَضِيۡلَةَ وَابۡعَثۡهُ مَقَامًا مَّحۡمُوۡدَنِ الَّذِيۡ وَعَدۡتَّهٗ"۔(۲)

ترجمہ: اے اللہ! اس پوری پکار کے رب! اور قائم ہونے والی نماز کے رب! محمد ﷺ کو وسیلہ (جو جنت کا ایک درجہ ہے) عطاء فرما، اور ان کو فضیلت عطاء فرما، اور ان کو اس مقام محمود پر پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔

## مسائل واحکام:

موجبات غسل (جن چیزوں سے غسل واجب ہوتا ہے):

۱۔منی کا نکلنا۔　　۲۔صحبت کرنا، اگرچہ منی کا خروج نہ ہو۔

۳۔حیض سے پاک ہونا۔　　۴۔نفاس سے پاک ہونا۔

---

(۱)بخاري، كتاب اللباس، رقم الحديث:۵۷۸۷۔

(۲)بخاري، كتاب الأذان، باب الدعاء، رقم الحديث:۶۱۴۔

# درس نمبر:۸

## حدیث:

"مَنْ سَتَرَ مُسْلِماً سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ"۔(۱)

ترجمہ: جو کسی مسلمان کے عیب چھپائے گا اللہ تعالی قیامت کے روز اس کے عیب چھپائے گا۔

## مسنون دعا:

جب گھر سے نکلنے لگیں تو یہ دعا پڑھیں:

"بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ"۔(۲)

ترجمہ: میں اللہ کے نام کے ساتھ نکلا، میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، گناہوں سے بچنے اور نیکیوں پر چلنے کی طاقت صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

## مسائل واحکام:

نماز کی شرطوں کا بیان:☆

۱-بدن کی پاکی۔ ۲-کپڑوں کی پاکی۔
۳-جگہ کی پاکی۔ ۴-ستر ڈھانکنا۔
۵-نماز کے وقت کا ہونا۔ ۶-قبلہ رخ ہونا۔
۷-نماز کی نیت۔

☆ ان میں سے ایک بھی چیز چھوٹ جائے تو نماز نہ ہوگی۔

---

(۱)بخاري، كتاب المظالم، رقم الحديث: ۲۴۴۲۔

(۲)سنن أبي داؤد، كتاب الأدب، رقم الحديث: ۵۰۹۵۔

# درس نمبر: ۹

## حدیث:

"مَنْ يُحْرَمُ الرِّفْقَ يُحْرَمُ الْخَيْرَ كُلَّهُ"۔(۱)

ترجمہ: جو شخص نرم عادت (نرمی اختیار کرنے) سے محروم رہا وہ ساری بھلائی سے محروم رہا۔

## مسنون دعا:

جب مسجد میں داخل ہوں تو یہ دعا پڑھیں:

"اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ"۔(۲)

ترجمہ: اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

## مسائل واحکام:

فرائض نماز:

۱۔ بوقتِ نیت "اَللّٰهُ أَكْبَرُ" کہنا۔

۲۔ تین تسبیحات کے بقدر کھڑا ہونا۔

۳۔ قرآن مجید کی کوئی سورت یا ایک بڑی آیت یا تین چھوٹی آیتیں پڑھنا۔

۴۔ رکوع کرنا۔

۵۔ دونوں سجدے کرنا۔

۶۔ آخر میں بقدرِ "التحیات" بیٹھنا۔

---

(۱) مسلم، کتاب البر والصلۃ والأدب، رقم الحدیث: ۲۵۹۹۔

(۲) مسلم، کتاب صلوۃ المسافرین، رقم الحدیث: ۱۲۵۲۔

# درس نمبر: ۱۰

## حدیث:

"أَنَّ أَحَبَّ الأَعْمَالِ أَدْوَمُهَا إِلَى اللهِ وَإِنْ قَلَّ"۔(۱)

ترجمہ: اللہ تعالی کے نزدیک سب عملوں میں وہ عمل زیادہ محبوب ہے جو دائمی ہو، اگرچہ تھوڑا ہو۔

## مسنون دعا:

**جب سورج طلوع ہو تو یہ دعا پڑھیں:**

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَقَالَنَا يَوْمَنَا هٰذَا، وَلَمْ يُهْلِكْنَا بِذُنُوبِنَا"۔(۲)

ترجمہ: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں اس دن معاف کر دیا اور ہمارے گناہوں کے سبب ہمیں ہلاک نہیں کیا۔

## مسائل واحکام:

**واجبات نماز:☆**

۱۔تکبیر تحریمہ "اَللّٰهُ أَكْبَرُ" کے لفظ کے ساتھ ہونا۔

۲۔سورۃ فاتحہ کا پڑھنا۔

۳۔فرض کی پہلی دو رکعتوں کو قرأت کے لئے متعین کرنا۔

۴۔فرض کی پہلی دو رکعتوں اور باقی نماز کی تمام رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کا پڑھنا۔
بشرطیکہ امام کے پیچھے نہ ہو۔

☆ **ان میں سے کوئی ایک جان بوجھ کر چھوڑ دے تو نماز دوبارہ پڑھنا ضروری ہے اور اگر بھول کر چھوٹ جائے تو سجدہ سہو سے نماز ہو جائے گی۔**

---

(۱)بخاري، كتاب الرقاق، رقم الحديث: ۶۴۶۴۔

(۲)مسلم، كتاب صلوۃ المسافرين، رقم الحديث: ۱۹۱۱۔

# درس نمبر: ۱۱

## حدیث:

"اَلْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهُ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَاجِزُ مَنِ اتَّبَعَ نَفْسَهُ هَوَاهَا وَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ"۔ (۱)

ترجمہ: عقلمند شخص وہ ہے جس نے اپنے نفس کو تابع کرلیا اور موت کے بعد کے لئے عمل کرتا رہا اور نادان ہے وہ شخص جو اپنی خواہشات کی تابع داری کرے اور اللہ پر امیدیں باندھے۔

## مسنون دعا:

جب مسجد سے نکلیں تو یہ دعا پڑھیں:

"اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ"۔ (۲)

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔

## مسائل واحکام:

واجبات نماز:

۵۔ سورۃ فاتحہ کے ساتھ کوئی چھوٹی سورت یا تین آیات کے بقدر تلاوت کرنا۔

۶۔ سورۃ فاتحہ کو سورت سے پہلے پڑھنا۔

۷۔ سورۃ ملانے سے پہلے ایک ہی مرتبہ سورۃ فاتحہ کا پڑھنا۔

۸۔ مکرر افعال میں ترتیب قائم رکھنا۔

۹۔ قومہ کرنا (رکوع کے بعد کھڑا ہونا)۔ ۱۰۔ سجدہ میں پیشانی کے ساتھ ناک بھی رکھنا۔

---

(۱) ترمذي، كتاب صفة القيامة، رقم الحديث: ۲۴۵۹۔

(۲) مسلم، كتاب صلوة المسافرين، رقم الحديث: ۱۶۵۲۔

# درس نمبر: ۱۲

## حدیث:

"كَفٰى بِالْمَرْءِ كَذِبًا أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ"۔(۱)

ترجمہ: آدمی کے جھوٹا ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ جو بات سنے (بغیر تحقیق کے) لوگوں سے بیان کرنا شروع کردے۔

## مسنون دعا:

<u>جب گھر میں داخل ہوں تو یہ دعا پڑھیں:</u>

"اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا"۔(۲)

ترجمہ: اے اللہ میں آپ سے داخل ہونے اور خارج ہونے کی بھلائی مانگتا ہوں، اللہ کے نام سے ہم داخل ہوئے (اور) اللہ کے نام سے نکلے، اور اللہ ہی پر جو کہ ہمارا رب ہے ہم نے بھروسہ کیا۔

## مسائل واحکام:

<u>واجبات نماز:</u>

۱۱۔جلسہ (دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنا)۔ ۱۲۔ارکان کو سکون سے اداء کرنا۔

۱۳۔قعدہ اولی (تین یا چار رکعت والی نماز میں) دو رکعت پر بیٹھنا۔

۱۴۔دونوں قعدوں میں تشہد (التحیات) کا پڑھنا۔

۱۵۔لفظ سلام (السلام علیکم) کے ساتھ سلام پھیرنا۔

---

(۱)مسلم، مقدمۃ، رقم الحدیث:۷۔

(۲)سنن أبي داؤد، کتاب الأدب، رقم الحدیث:۵۰۹۶۔

# درس نمبر: ۱۰۳

## حدیث:

"لَتُسَوُّنَّ صُفُوفَكُمْ أَوْ لَيُخَالِفَنَّ اللّٰهُ بَيْنَ وُجُوهِكُمْ"۔(۱)

ترجمہ: اپنی صفوں کو درست رکھا کرو، ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے چہروں میں اختلاف (پھوٹ) ڈال دے گا۔

## مسنون دعا:

<u>سوتے وقت یہ دعا پڑھیں:</u>

"اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيٰى"۔(۲)

ترجمہ: اے اللہ تیرے ہی نام پر مرتا ہوں اور تیرے ہی نام پر زندہ ہوتا ہوں۔

## مسائل واحکام:

<u>واجبات نماز:</u>

۱۶۔ وتر کی نماز میں دعاء قنوت پڑھنا۔

۱۷۔ عیدین کی چھ زائد تکبیرات کہنا۔

۱۸۔ عیدین کی نماز کی دوسری رکعت کے رکوع کے لئے تکبیر کہنا۔

۱۹۔ عشاء اور مغرب کی پہلی دو رکعتوں اور فجر، جمعہ، عیدین، تراویح اور رمضان شریف کے وتر میں امام کا زور سے قرأت کرنا۔

۲۰۔ ظہر، عصر میں اور دن کی سنت اور نفلوں میں آہستہ قرأت کرنا۔

---

(۱) مسلم، كتاب الصلوة، رقم الحديث: ۹۷۸۔

(۲) بخاري، كتاب الدعوات، رقم الحديث: ۲۳۱۴۔

# درس نمبر: ۱۴

## حدیث:

"لَاتَقَاطَعُوْا وَلَا تَدَابَرُوْا وَلَا تَبَاغَضُوْا، وَلَا تَحَاسَدُوْا، وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللهِ إِخْوَانًا"۔(۱)

ترجمہ: تم آپس میں قطع تعلق نہ کرو، اور ایک دوسرے کے در پے نہ ہو، اور آپس میں ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو، اور ایک دوسرے سے حسد نہ کرو اور اے اللہ کے بندو! بھائی بھائی بن جاؤ۔

## مسنون دعا:

<u>جب کھانا شروع کریں تو یہ دعا پڑھیں:</u>

"بِسْمِ اللهِ وَبَرَكَةِ اللهِ"۔(۲)

ترجمہ: میں نے اللہ کے نام سے اور اللہ کی برکت سے کھانا شروع کیا۔

## مسائل واحکام:

<u>نماز کی سنتیں:</u>

۱۔ تکبیر تحریمہ کے وقت مردوں کا دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھانا، جبکہ عورتوں کا سینے تک اٹھانا۔

۲۔ تکبیر تحریمہ کے وقت انگلیوں کو اس طرح رکھنا کہ نہ زیادہ کھلی ہوں اور نہ زیادہ بند۔

۳۔ مقتدی کا امام کی تکبیر تحریمہ کے ساتھ تکبیر کہنا۔

۴۔ مردوں کو ناف کے نیچے اور عورتوں کو سینے پر ہاتھ باندھنا۔

۵۔ سیدھا کھڑا ہونا یعنی سر کو پست نہ کرنا۔

۶۔ دونوں پاؤں کے درمیان چار انگلیوں کے برابر فاصلہ رکھنا۔

---

(۱) مسلم، کتاب البر والصلۃ والآداب، رقم الحدیث: ۶۵۳۹۔

(۲) مستدرک حاکم، کتاب الأطعمہ، رقم الحدیث: ۷۰۸۴۔

# درس نمبر: ۱۵

## حدیث:

"قَدْ أَفْلَحَ مَنْ أَسْلَمَ، وَرُزِقَ كَفَافاً وَقَنَّعَهُ اللّٰهُ بِمَا اٰتَاهُ"۔(۱)

ترجمہ: وہ شخص کامیاب ہے جو اسلام لایا، اور جس کو بقدرِ کفایت رزق مل گیا، اور اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی عطاء کردہ روزی پر قناعت دے دی۔

## مسنون دعا:

<u>اگر کھانے کے شروع میں دعا بھول جائیں تو درمیان میں یہ دعا پڑھیں:</u>

"بِسْمِ اللّٰهِ فِيْ أَوَّلِهٖ وَاٰخِرِهٖ"۔(۲)

ترجمہ: میں نے اس (کھانے) کے اول اور آخر میں اللہ کا نام لیا۔

## مسائل واحکام:

<u>نماز کی سنتیں:</u>

۷۔ پوری ثناء پڑھنا۔　　۸۔ تعوذ پڑھنا۔　　۹۔ بِسْمِ اللّٰهِ پڑھنا۔

۱۰۔ فرض نماز کی آخری رکعتوں میں سورہ فاتحہ کا پڑھنا۔

۱۱۔ ایک رکن سے دوسرے رکن کی طرف منتقل ہوتے وقت اللّٰهُ أَكْبَرُ کہنا۔

۱۲۔ آمین کہنا۔

۱۳۔ فجر اور ظہر میں طوال مفصل، عصر اور عشاء میں اوساط مفصل اور مغرب میں قصار مفصل سے قرأت کرنا۔

---

(۱) مسلم، کتاب الزکوۃ، رقم الحدیث: ۲۴۲۶۔

(۲) مستدرک حاکم، کتاب الأطعمہ، رقم الحدیث: ۷۰۸۷۔

# درس نمبر: ١٦

## حدیث:

"خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ"۔(۱)

ترجمہ: تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جس نے قرآن سیکھا اور سکھایا۔

## مسنون دعا:

کھانا کھانے کے بعد یہ دعا پڑھیں:

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا الْمُسْلِمِیْنَ"۔(۲)

ترجمہ: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور مسلمان بنایا۔

## مسائل واحکام:

نماز کی سنتیں:

۱۴۔ فجر کی نماز میں پہلی رکعت کو دوسری سے لمبا کرنا۔

۱۵۔ رکوع میں کم از کم تین مرتبہ "سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ" کہنا۔

۱۶۔ رکوع میں دونوں ہاتھوں سے گھٹنوں کو پکڑنا۔

۱۷۔ مردوں کا رکوع کی حالت میں اچھی طرح جھک جانا کہ پیٹھ اور سرین سب برابر ہو جائے۔

۱۸۔ مردوں کا رکوع میں انگلیوں کو کھلا رکھنا۔

۱۹۔ رکوع سے اٹھتے ہوئے "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ" اور "رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ" کہنا۔

---

(۱) بخاري، کتاب فضائل القرآن، رقم الحديث: ۵۰۲۷۔

(۲) عمل اليوم والليلة لابن سني، رقم الحديث: ۴۶۵۔

# درس نمبر:۱۷

## حدیث:

”طَلَبُ كَسْبِ الْحَلَالِ فَرِيْضَةٌ بَعْدَ الْفَرِيْضَةِ“۔(۱)

ترجمہ: حلال روزی کمانا فرض کے بعد ایک فرض ہے۔

## مسنون دعا:

<u>دودھ پئیں تو یہ دعا پڑھیں:</u>

”اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ“۔(۲)

ترجمہ: اے اللہ! تو اس میں ہمارے لئے برکت دے اور یہ ہم کو اور زیادہ نصیب فرما۔

## مسائل واحکام:

<u>نماز کی سنتیں:</u>

۲۰۔ سجدے میں جاتے ہوئے پہلے گھٹنے پھر ہاتھ پھر ناک آخر میں پیشانی کا رکھنا، اور اٹھتے ہوئے اس کے برعکس کرنا۔

۲۱۔ سجدہ میں کم از کم تین مرتبہ ”سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى“ کہنا۔

۲۲۔ جلسہ (دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنے) کی حالت میں دونوں ہاتھوں کا رانوں پر رکھنا۔

۲۳۔ دونوں سجدوں کے درمیان اور التحیات میں مردوں کے لئے بائیں پاؤں پر بیٹھنا اور سیدھا پاؤں کھڑا کرنا، جبکہ عورتوں کا دونوں پاؤں سیدھی طرف نکال کر کولہوں پر بیٹھنا۔

۲۴۔ تشہد میں ”اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰہ“ کہتے وقت شہادت کی انگلی سے اشارہ کرنا۔

۲۵۔ درود شریف پڑھنا۔ ۲۶۔ درود شریف کے بعد دعا پڑھنا۔

---

(۱) مشکوۃ، کتاب البیوع، رقم الحدیث: ۲۷۸۱۔

(۲) ترمذي، أبواب الدعوات، رقم الحديث: ۳۴۵۵۔

# درس نمبر:۱۸

## حدیث:

"مَنْ أَحْدَثَ فِيْ أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ"۔(۱)

ترجمہ:جس نے ہمارے اس دین میں کوئی نئی بات نکالی جو اس میں سے نہیں ہے، تو وہ بات مردود ہے۔

## مسنون دعا:

**جب کسی کے یہاں دعوت کھائیں تو یہ دعا پڑھیں:**

"اَللّٰهُمَّ أَطْعِمْ مَنْ أَطْعَمَنِيْ، وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ"۔(۲)

ترجمہ:اے اللہ! جس نے مجھے کھلایا تو اس کو کھلا اور جس نے مجھے پلایا تو اس کو پلا۔

## مسائل واحکام:

**نماز کی سنتیں:**

۲۷-سلام کے وقت دائیں بائیں منہ پھیرنا۔

۲۸-دوسرے سلام میں آواز پہلے سلام سے پست کرنا۔

۲۹-دائیں طرف پہلے سلام پھیرنا۔ ۳۰-مقتدی کا امام کے ساتھ سلام پھیرنا۔

۳۱-مسبوق کا امام کے فارغ ہونے کا انتظار کرنا۔

۳۲-سلام میں فرشتوں، مقتدیوں اور نیک جنات جو حاضر ہوں ان کی نیت کرنا، اور اگر مقتدی ہو تو امام کے پیچھے ہونے کی صورت میں دونوں سلاموں میں امام کی نیت کرے، اور اگر دائیں بائیں ہو تو جس طرف امام ہو اس سلام میں اس کی نیت کرے۔

---

(۱)بخاري، كتاب الصلح، رقم الحديث:۲۶۹۷۔

(۲)مسلم، كتاب الأشربة، رقم الحديث:۵۳۶۲۔

# درس نمبر: ۱۹

## حدیث:

"اَلزَّکٰوۃُ قَنْطَرَۃُ الْاِسْلَامِ"(۱)

ترجمہ: زکوۃ اسلام کا پل ہے۔

## مسنون دعا:

**جب میزبان کے گھر سے نکلنے لگیں تو یہ دعا پڑھیں:**

"اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَھُمْ فِیْمَا رَزَقْتَھُمْ وَاغْفِرْ لَھُمْ وَارْحَمْھُمْ"۔(۲)

ترجمہ: اے اللہ! انہیں جو کچھ روزی/رزق دیا ہے اس میں برکت فرما اور ان کو بخش دے اور ان پر رحم فرما۔

## مسائل واحکام:

**مفسدات نماز:**

۱۔ زبان سے کوئی کلمہ نکالنا، اگرچہ بھول کر ہو۔

۲۔ انسانی کلام کے مشابہ دعا کرنا، مثلاً یہ دعا کرنا کہ اے اللہ! تو مجھے کھلا۔

۳۔ ملاقات کی نیت سے سلام کرنا، اگرچہ بھول کر ہو۔

۴۔ زبان یا مصافحہ کرنے کے ذریعے کسی کے سلام کا جواب دینا۔

۵۔ عمل کثیر کرنا، مثلاً ہاتھوں سے پائجامہ باندھنا۔

۶۔ قبلہ کی طرف سے سینہ کا پھر جانا۔

۷۔ جو چیز منہ میں نہ ہو اس کا کھانا، اگرچہ تھوڑی سی ہو۔

---

(۱) الترغیب والترہیب، کتاب الصدقات، رقم حدیث الباب: ۲۔

(۲) سنن أبی داؤد، کتاب الأشربۃ، رقم الحدیث: ۳۷۲۹۔

# درس نمبر: ۲۰

## حدیث:

"اِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ"(۱)

ترجمہ: جب تم میں حیا نہ رہے تو جو چاہے کرو۔

## مسنون دعا:

جب کسی کے گھر افطار کریں تو یہ دعا پڑھیں:

"اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ وَ اَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلٰئِكَةُ"۔(۲)

ترجمہ: تمہارے پاس روزہ دار افطار کریں اور نیک بندے تمہارا کھانا کھائیں اور فرشتے تم پر رحمت بھیجیں۔

## مسائل واحکام:

مفسدات نماز:

۸۔ دانتوں کے درمیان رہ جانے والی کوئی چیز کھانا، جب وہ چنے کے بقدر ہو۔

۹۔ بلاوجہ کھنکارنا۔ (جس سے آواز پیدا ہو مثلاً: اُح اُح)۔

۱۰۔ اُف اُف، آہ آہ، اُوہ اُوہ کرنا۔ ۱۱۔ مصیبت یا درد کی وجہ سے رونے کی آواز کو بلند کرنا۔

۱۲۔ چھینکنے والے کے "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ" کے جواب میں "یَرْحَمُكَ اللّٰہُ" کہنا۔

۱۳۔ کسی بری خبر یا نقصان کی خبر یا بچہ کے گرنے پر "اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن" پڑھنا۔

---

(۱) سنن أبي داؤد، کتاب الأدب، رقم الحدیث: ۴۷۹۷۔

(۲) سنن أبي داؤد، کتاب الأطعمة، رقم الحدیث: ۳۸۵۴۔

# درس نمبر: ۲۱

## حدیث:

"مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰہِ رَفَعَهُ اللّٰهُ"۔(۱)

ترجمہ: جس نے اللہ کے لئے تواضع (عاجزی) کی اللہ اس کو بلند کرے گا۔

## مسنون دعا:

جب روزہ افطار کریں تو یہ دعا پڑھیں:

"اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ أَفْطَرْتُ"۔(۲)

ترجمہ: اے اللہ! میں نے تیرے ہی لئے روزہ رکھا اور تیرے ہی رزق سے روزہ افطار کرتا ہوں۔

## مسائل واحکام:

مفسدات نماز:

۱۴- تعجب خیز خبر پر "لَآ اِلٰهَ اِلَّا الله" یا "سُبْحَانَ الله" کہنا۔

۱۵- کسی کے سوال پر کہ "اللہ کے ساتھ کوئی شریک ہے؟" لَآ اِلٰهَ اِلَّا الله کہنا۔

۱۶- تیمم کئے ہوئے آدمی کا پانی پر قادر ہو جانا۔

۱۷- موزوں کے مسح کی مدت کا پورا ہونا۔

۱۸- مسح کئے ہوئے موزے کو اتار دینا۔

۱۹- ننگے بدن والے شخص کا ستر ڈھانکنے کے بقدر کپڑے پر قادر ہونا۔

۲۰- اشارے سے رکوع وسجدہ کرنے والے شخص کا رکوع وسجدہ پر قادر ہونا۔

---

(۱) مشکوة، کتاب الأدب، رقم الحديث: ۵۱۱۹۔

(۲) سنن أبي داود، كتاب الصيام، رقم الحديث: ۲۳۵۸۔

# درس نمبر: ۲۲

## حدیث:

"أَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ"۔ (۱)

ترجمہ: اپنی زبان کو قابو میں رکھو۔

## مسنون دعا:

**جب کپڑا پہنیں تو یہ دعا پڑھیں:**

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ"۔ (۲)

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہے جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا، اور نصیب کیا بغیر میری کوشش اور قوت کے۔

## مسائل واحکام:

**مفسدات نماز:**

۲۱۔ نماز فجر پڑھتے وقت سورج کا نکل آنا۔

۲۲۔ عیدین کی نماز کے پڑھنے کے دوران زوال آفتاب ہوجانا۔

۲۳۔ نمازِ جمعہ کے پڑھنے کے دوران عصر کا وقت آجانا۔

۲۴۔ بے ہوش ہوجانا۔

۲۵۔ مجنون و پاگل ہوجانا۔

۲۶۔ زخم اچھا ہونے کی وجہ سے حالت نماز میں پٹی کا گر جانا۔

---

(۱) سنن أبي داؤد، كتاب الملاحم، رقم الحديث: ۴۳۴۳۔

(۲) سنن أبي داؤد، كتاب اللباس، رقم الحديث: ۴۰۲۳۔

# درس نمبر: ۲۳

## حدیث:

"کُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيلٍ"۔(۱)

ترجمہ: دنیا میں ایسے رہو، جیسے مسافر یا راہ گذر رہتا ہے۔

## مسنون دعا:

جب نیا کپڑا پہنیں تو یہ دعا پڑھیں:

"اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ كَسَوْتَنِيهِ أَسْأَلُكَ خَيْرَهُ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهُ وَأَعُوذُبِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ"۔(۲)

ترجمہ: اے اللہ! تیرے لئے ہی سب تعریف ہے، تو نے ہی یہ کپڑا مجھے پہنایا، میں تجھ سے اس کی بھلائی کا اور اس چیز کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے، اور میں تجھ سے اس کی برائی اور اس چیز کی برائی سے پناہ چاہتا ہوں جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے۔

## مسائل واحکام:

مفسدات نماز:

۲۷۔ کسی ان پڑھ کا نماز جائز ہونے کے بقدر قرآن پاک سیکھ لینا۔

۲۸۔ کسی کو کسی امر کی طرف متوجہ کرنے کے ارادہ سے قرآن پاک کی کوئی آیت پڑھنا، جیسے دروازے پر دستک دینے والے کو "اِذَا قِيلَ لَكُمُ ارْجِعُوا فَارْجِعُوا" کہنا۔

۲۹۔ قصداً وضو توڑنا۔

---

(۱) بخاري، كتاب الرقاق، رقم الحديث: ٦٤١٦۔

(۲) ترمذي، أبواب اللباس، رقم الحديث: ١٧٦٧۔

# درس نمبر: ۲۴

## حدیث:

"مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ"۔(۱)

ترجمہ: جو شخص کسی قوم کی مشابہت اختیار کرے گا تو اس کا شمار اسی قوم میں ہوگا۔

## مسنون دعا:

جب آئینے میں چہرہ دیکھیں تو یہ دعا پڑھیں:

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَللّٰهُمَّ كَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِيْ فَحَسِّنْ خُلُقِيْ"۔(۲)

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔ اے اللہ! جیسے تو نے میری صورت اچھی بنائی ہے میرے اخلاق بھی اچھے کر دیجئے۔

## مسائل واحکام:

مفسدات نماز:

۳۰۔ صاحب ترتیب کو فوت شدہ نماز کا یاد آ جانا اور وقت میں گنجائش بھی ہو۔

۳۱۔ ایسے شخص کو خلیفہ بنانا جو امامت کا اہل نہ ہو۔

۳۲۔ ستر (جن اعضاء کا ڈھانکنا مرد یا عورت کے لئے ضروری ہے ان میں سے کوئی پورا عضو یا اس کا چوتھائی حصہ) کھلے رہنے کے ساتھ ایک رکن ادا کرنا یا اتنی مقدار (تین مرتبہ "سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى" کہنے کی مقدار) کھلا رہنا۔

---

(۱) سنن أبي داؤد، کتاب اللباس، رقم الحدیث: ۴۰۳۱۔

(۲) عمل الیوم واللیلۃ، رقم الحدیث: ۱۶۴۔

# درس نمبر: ۲۵

## حدیث:

"مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ۔"(۱)

ترجمہ: جو آدمی اللہ اور قیامت (آخرت) کے دن پر ایمان رکھتا ہے تو اسے چاہیے کہ وہ اپنے مہمان کا اکرام کرے۔

## مسنون دعا:

سواری پر بیٹھیں تو یہ دعا پڑھیں:

"سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّاۤ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ"۔(۲)

ترجمہ: اللہ پاک ہے جس نے اس (سواری) کو ہمارے لئے مسخر کردیا (قبضہ میں دیا)، حالانکہ ہم اس کو مسخر کرنے پر قادر نہ تھے اور بے شک ہمیں اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

## مسائل واحکام:

مفسدات نماز:

۳۳۔ مقتدی کا کسی رکن میں امام سے سبقت لے جانا کہ امام اس رکن میں اس کے ساتھ شریک نہ ہو۔

۳۴۔ تکبیر میں لفظ "اللہ" کے ہمزہ پر مد کرنا یعنی "آللہ اکبر" پڑھنا؛ یا اکبر کے الف پر مد کرنا جیسی "آکبر" پڑھنا، یا اکبر کے با کے بعد الف بڑھانا جیسے "اکبار" پڑھنا۔

۳۵۔ نیند کی حالت میں ادا کئے ہوئے رکن کا بیداری میں اعادہ کرنا۔

۳۶۔ تین یا چار رکعتوں والی نماز میں دو رکعت پر اس گمان سے سلام پھیر دیا کہ مسافر ہے حالانکہ وہ مقیم تھا۔

---

(۱) مسلم، کتاب اللقطہ، رقم الحدیث: ۴۵۱۳۔

(۲) سورۃ الزخرف: ۱۴،۱۳۔

# درس نمبر: ۲۶

## حدیث:

"دَعْ مَا يُرِيبُكَ إِلىٰ مَالَا يُرِيبُكَ"۔(۱)

ترجمہ: جو چیز تجھے شک میں ڈالے اسے چھوڑ واور جو شک میں نہ ڈالے اسے لے لو۔

## مسنون دعا:

<u>کسی کو رخصت کریں تو یہ دعا پڑھیں:</u>

"أَسْتَوْدِعُ اللهَ دِيْنَكَ وَ أَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ أَعْمَالِكَ"۔(۲)

ترجمہ: میں تمہارے دین، تمہاری امانت ودیانت اور تمہارے اعمال کے اختتام کو اللہ تعالی کے سپرد کرتا ہوں۔

## مسائل واحکام:

<u>مفسدات نماز:</u>

۳۷۔ امام کا مقتدی کے علاوہ کسی دوسرے سے لقمہ لینا، یا منفرد کا کسی دوسرے سے لقمہ لینا، اپنے امام کے سوا کسی دوسرے کو لقمہ دینا۔

۳۸۔ قرآن شریف دیکھ کر نماز پڑھنا۔

۳۹۔ قرآن شریف پڑھنے میں ایسی غلطی کرنا جس سے معنی غلط ہوجاتا ہو۔

۴۰۔ نماز میں ایسی آواز سے ہنسنا جسے کم از کم خود سن لے۔

۴۱۔ مذی یا منی کا خروج ہونا۔

---

(۱) ترمذي، كتاب صفة القيامة، رقم الحديث: ۲۵۱۸۔

(۲) سنن أبي داؤد، كتاب الجهاد، رقم الحديث: ۲۶۰۱۔

# درس نمبر: ۲۷

## حدیث:

"مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيهِ"۔(۱)

ترجمہ: آدمی کے اسلام کی خوبیوں میں سے ایک یہ ہے کہ وہ لایعنی (فضول و بے فائدہ) کاموں کو چھوڑ دے۔

## مسنون دعا:

جب کسی منزل پر اتریں تو یہ دعا پڑھیں:

"أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ"۔(۲)

ترجمہ: اللہ تعالی کے کامل کلمات کے ذریعے سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں اس کی مخلوق کے شر سے۔

## مسائل واحکام:

### مفسدات نماز:

۴۲۔ کسی دوسرے کے عمل سے حدث لاحق ہوجانا۔

۴۳۔ اجنبی عورت کا بغیر کسی پردے کے مرد کے پہلو میں کھڑا ہوجانا، جب کہ نماز میں دونوں مشترک ہوں، دونوں کی تحریمہ ایک ہو اور امام نے عورت کی نیت کی ہو۔

۴۴۔ کسی خط، تحریر پر نظر پڑے اور اس کو زبان سے پڑھنا، البتہ محض دل میں مطلب سمجھنے سے نماز نہ ٹوٹے گی۔

---

(۱) ترمذي، كتاب الزہد، رقم الحديث: ۲۳۱۷۔

(۲) ترمذي، أبواب الدعوات، رقم الحديث: ۳۴۳۷۔

# درس نمبر: ۲۸

## حدیث:

"لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ"۔(۱)

ترجمہ: تم میں سے کوئی اس وقت تک کامل مؤمن نہیں بن سکتا جب تک اپنے بھائی کے لئے وہی چیز پسند نہ کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

## مسنون دعا:

**نیا چاند دیکھیں تو یہ دعا پڑھیں:**

"اَللّٰهُمَّ أَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَ الْإِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَ الْإِسْلَامِ رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ"۔(۲)

ترجمہ: اے اللہ! تو ہمارے اوپر اس (چاند) کو برکت اور سلامتی اور ایمان کے ساتھ طلوع فرما (اے چاند) میرا اور تیرا رب اللہ ہی ہے۔

## مسائل واحکام:

**مکروہاتِ نماز:☆**

۱-انگلیاں چٹخانا۔

۲-تشبیک کرنا (ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں داخل کرنا)۔

۳-ہاتھ کو کولہے پر رکھنا۔　　۴-بدن یا کپڑے سے کھیلنا۔

۵-گردن ادھر اُدھر پھیرنا۔

☆ ان چیزوں سے نماز تو نہیں ٹوٹے گی، البتہ ثواب میں کمی اور گناہ ہوگا۔

(۱)بخاري، كتاب الإيمان، رقم الحديث:۱۳۔

(۲)ترمذي، أبواب الدعوات، رقم الحديث:۳۴۵۱۔

# درس نمبر: ۲۹

## حدیث:

"اِتَّقِ اللّٰہَ حَیْثُ مَا کُنْتَ، وَ اَتْبِعِ السَّیِّئَۃَ الْحَسَنَۃَ تَمْحُھَا وَ خَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ"۔(۱)

ترجمہ: جہاں بھی ہو اللہ سے ڈرتے رہو، گناہ کے بعد نیکی کیا کرو، تاکہ اسے (یعنی اس گناہ کو نیکی) مٹادے اور لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آؤ۔

## مسنون دعا:

چاند دیکھیں تو یہ دعا پڑھیں:

"أَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ ھٰذَا الْغَاسِقِ"۔(۲)

ترجمہ: میں اللہ سے اس ڈوبنے والے (چاند) کے شر سے پناہ چاہتا ہوں۔

## مسائل واحکام:

مکروہات نماز:

۶- کہنیوں کو بچھانا۔ ۷- آستینوں کو سمیٹنا۔

۸- سلام کا جواب ہاتھ یا سر کے اشارے سے دینا۔

۹- بلا عذر چار زانو (پالتی مار کر) بیٹھنا۔

۱۰- کتے کی طرح بیٹھنا یعنی سرین زمین پر رکھ لینا اور دونوں گھٹنے کھڑے کر لینا۔

---

(۱) ترمذي، کتاب البر والصلة، رقم الحدیث: ۱۹۸۷۔

(۲) عمل الیوم واللیلة، رقم الحدیث: ۶۴۹۔

# درس نمبر: ۳۰

## حدیث:

"لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَّهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ"۔(۱)

ترجمہ: مسلمان کے لئے حلال نہیں کہ تین دن سے زیادہ اپنے مسلمان بھائی سے قطع تعلق رکھے۔

## مسنون دعا:

جب بادل چھا جائے تو یہ دعا پڑھیں:

"اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا أُرْسِلَ بِهِ"۔(۲)

ترجمہ: اے اللہ! اس گھٹا کو جس چیز کے ساتھ بھیجا گیا ہے ہم اس کے شر سے پناہ مانگتے ہیں۔

## مسائل واحکام:

مکروہات نماز:

۱۱-کرتا یا قمیص ہونے کے باوجود صرف لنگی یا پاجامے میں نماز پڑھنا۔

۱۲-نماز میں سورتوں کا بے ترتیب پڑھنا۔

۱۴-نماز میں دو سورتوں کا اس طرح پڑھنا کہ درمیان میں کوئی چھوٹی سورت چھوڑ دے۔

۱۵-اپنے کپڑے سے خوشبو کو سونگھنا۔

(۱)بخاري، كتاب الاستئذان، باب الهجرة، رقم الحديث: ۶۰۷۳

(۲)سنن ابن ماجه، كتاب الدعاء، رقم الحديث: ۳۸۸۹۔

# درس نمبر: ۳۱

## حدیث:

"أَبْغَضُ الرِّجَالِ عِنْدَ اللّٰهِ الأَلَدُّ الخَصِمُ"۔(۱)

ترجمہ: اللہ کے نزدیک سب سے مبغوض جھگڑالو آدمی ہے۔

## مسنون دعا:

<u>مصیبت اور پریشانی کے وقت کی دعا:</u>

"لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ العَظِيْمُ الحَلِيْمُ. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ العَرْشِ العَظِيْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَرَبُّ الأَرْضِ، وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ"(۲)

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو کہ عظیم وحلیم ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو کہ آسمان وزمین کا رب ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو کہ عرش عظیم کا رب ہے۔

## مسائل واحکام:

<u>مکروہات نماز:</u>

۱۶-اپنی سجدہ کی جگہ پر رکھی ہوئی خوشبو کو سونگھنا۔

۱۷-دونوں آنکھوں کو بند کر دینا۔

۱۸-آنکھوں کا آسمان کی طرف اٹھانا۔

۱۹-انگڑائی لینا۔ ۲۰-عمل قلیل کرنا۔

---

(۱)بخاري، کتاب التفسیر، رقم الحدیث:۴۵۲۳۔

(۲)صحیح البخاری، کتاب الدعوات، رقم الحدیث:۶۳۴۶۔

# درس نمبر: ۳۲

## حدیث:

"لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصُّرَعَةِ إِنَّمَا الشَّدِيْدُ الَّذِيْ يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الغَضَبِ"۔(۱)

ترجمہ: پہلوان وہ شخص نہیں جو لوگوں کو پچھاڑ دے، بلکہ پہلوان وہ شخص ہے جو غصہ کے وقت اپنے نفس پر قابو کرے (اپنے آپ کو قابو میں رکھے)۔

## مسنون دعا:

جب کوئی مصیبت پیش آجائے تو یہ دعا پڑھیں:

"اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَ أَخْلِفْ لِيْ خَيْراً مِنْهَا"۔(۲)

ترجمہ: یا اللہ! مجھے میری مصیبت پہ اجر (ثواب) عطا فرما اور مجھے اس کے بدلے کوئی اس سے بہتر چیز عطا فرما۔

## مسائل واحکام:

مکروہات نماز:

۲۱- جوئیں پکڑنا اور اس کا مارنا۔

۲۲- کنکریوں کو ہٹانا، اگر سجدہ کرنے میں دقت ہو تو ایک مرتبہ ہٹانے کی اجازت ہے۔

۲۳- ہاتھ پیر کی انگلیوں کو قبلہ کی جانب سے پھیر دینا۔

۲۴- حالت رکوع میں ہاتھوں کو دونوں گھٹنوں پر نہ رکھنا۔

(۱) بخاري، كتاب الأدب، رقم الحديث: ۶۱۱۴۔

(۲) مسلم، كتاب الجنائز، رقم الحديث: ۲۱۲۶۔

# درس نمبر: ۳۳

## حدیث:

"لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ"۔(۱)

ترجمہ: وہ شخص جنت میں نہ جائے گا جس کا پڑوسی اس کی ایذاؤں سے محفوظ نہ رہے۔

## مسنون دعا:

مخلوق کے شر سے حفاظت کے لئے یہ دعا صبح اور شام تین مرتبہ پڑھیں:

"أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ"۔(۲)

ترجمہ: اللہ کے کامل کلمات کے ذریعے سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں اس کی مخلوق کے شر سے (اس چیز کی برائی سے جو اس نے پیدا کی ہے)

## مسائل واحکام:

مکروہات نماز:

۲۵-جمائی لینا۔

۲۶-منہ اور ناک ڈھک لینا۔

۲۷-عمامہ کے پیچ پر سجدہ کرنا۔

۲۸-راستہ میں نماز پڑھنا۔

۲۹-غسل خانہ میں نماز پڑھنا۔

---

(۱) مسلم، کتاب الإیمان، رقم الحدیث: ۱۷۲۔

(۲) ترمذي، أبواب الدعوات، رقم الحدیث: ۳۴۳۷۔

# درس نمبر: ۳۴

## حدیث:

"اَلْغِیْبَۃُ أَشَدُّ مِنَ الزِّنَا"۔(۱)

ترجمہ: غیبت (گناہ اور برائی کے اعتبار سے) زنا سے بھی زیادہ سخت ہے۔

## مسنون دعا:

**سفر سے واپسی ہو تو یہ دعا پڑھیں:**

"اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ"۔(۲)

ترجمہ: ہم سفر سے لوٹنے والے ہیں اور اپنے گناہوں سے توبہ کرتے ہیں اور اپنے رب کی عبادت اور حمد وثنا کرتے ہیں۔

## مسائل واحکام:

**مکروہات نماز:**

۳۰-بیت الخلاء میں نماز پڑھنا۔

۳۱-قبرستان میں نماز پڑھنا۔

۳۲-نجاست والی جگہ کے قریب نماز پڑھنا۔

۳۳-پیشاب پاخانے کے تقاضے کے وقت نماز پڑھنا۔

---

(۱)مشکوۃ، کتاب الأداب، رقم الحدیث:۴۸۷۵۔

(۲)مسلم، کتاب الحج، رقم الحدیث:۳۲۸۰۔

# درس نمبر: ۳۵

## حدیث:

"اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهُ"۔(۱)

ترجمہ: گناہ سے توبہ کرنے والا (آخرت میں مؤاخذہ کے اعتبار سے) ایسا ہے، گویا کہ اس نے گناہ کیا ہی نہیں۔

## مسنون دعا:

بیمار کی عیادت کے وقت یہ دعا پڑھیں:

"اَسْئَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ أَنْ يَشْفِيَكَ"۔(۲)

ترجمہ: میں اللہ سے سوال کرتا ہوں جو بڑا ہے اور بڑے عرش کا رب ہے کہ تجھے شفاء دیوے۔

## مسائل واحکام:

مکروہات نماز:

۳۴-ریح (ہوا) کے خارج ہونے کے تقاضے کے وقت نماز پڑھنا۔

۳۵-ایسے گندے کپڑوں میں نماز پڑھنا کہ جن کو پہن کر معززین کے سامنے جانے کو پسند نہ کرے۔

۳۶-مردوں کا ننگے سر نماز پڑھنا۔(عورت اگر ننگے سر نماز پڑھے تو نماز ہی نہ ہوگی)۔

۳۷-بھوک لگنے کی صورت میں نماز پڑھنا جبکہ کھانا تیار ہو۔

(۱) سنن ابن ماجه، كتاب الزهد، رقم الحديث: ۴۲۵۰۔

(۲) سنن أبي داؤد، كتاب الجنائز، رقم الحديث: ۳۱۰۶۔

# درس نمبر: ۳۶

## حدیث:

"طُوبٰی لِمَنْ وُجِدَ فِیْ صَحِیْفَتِہٖ اِسْتِغْفَاراً کَثِیْراً"۔(۱)

ترجمہ: اس آدمی کے لئے خوشخبری (خوش بختی) ہے جس کے نامہ اعمال میں استغفار زیادہ پایا جائے۔

## مسنون دعا:

کسی مسلمان کو ہنستا ہوا دیکھیں تو یہ دعا پڑھیں:

"أَضْحَكَ اللّٰہُ سِنَّكَ"۔(۲)

ترجمہ: اللہ تجھے ہنساتا رہے۔

## مسائل واحکام:

مکروہات نماز:

۳۸- ایسا کپڑا پہن کر نماز پڑھنا جس میں جاندار کی تصویر ہو۔

۳۹- چوری کے کپڑے میں نماز پڑھنا۔

۴۰- دوسرے کی زمین پر اسکی رضامندی کے بغیر نماز پڑھنا۔

۴۱- پیشانی سے مٹی صاف کرنا۔

---

(۱) مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ماذکر فی الاستغفار، رقم الحدیث: ۳۰۰۹

(۲) بخاري، کتاب فضائل أصحاب النبي، رقم الحدیث: ۳۶۸۳۔

# درس نمبر:۳۷

## حدیث:

"مَثَلُ الَّذِيْ يَذْكُرُ رَبَّهُ وَالَّذِيْ لَا يَذْكُرُ، مَثَلُ الْحَيِّ وَ الْمَيِّتِ"۔(۱)

ترجمہ: جو شخص اپنے پروردگار کو یاد کرتا ہے اور جو شخص اپنے پروردگار کو یاد نہیں کرتا ان دونوں کی مثال زندہ شخص اور مردہ شخص کی سی ہے۔

## مسنون دعا:

دولہا کو ان الفاظ کے ساتھ مبارک باد دیں:

"بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَ بَارَكَ عَلَيْكَ وَ جَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ"۔(۲)

ترجمہ: اللہ تجھے برکت دیوے اور تجھ پر برکت نازل کرے اور تم دونوں کو ہر خیر میں جمع فرمائے (تم لوگوں کا خوب نباہ کرے)۔

## مسائل واحکام:

مکروہاتِ نماز:

۴۲-آیات وتسبیحات کو انگلیوں پر شمار کرنا۔

۴۳-امام کا ایک ہاتھ اونچی یا پست جگہ پر تنہا کھڑا ہونا۔

۴۴-اگلی صف میں جگہ ہونے کے باوجود پچھلی صف میں کھڑا ہونا۔

۴۵-ایسی جگہ نماز پڑھنا جہاں نمازی کے سر کے اوپر یا دائیں یا بائیں یا آگے یا پیچھے جاندار کی تصویر ہو۔

(۱)بخاري، كتاب الدعوات، رقم الحديث:۶۴۰۷۔

(۲)سنن أبي داؤد، كتاب النكاح، رقم الحديث:۲۱۳۰۔

# درس نمبر: ۳۸

## حدیث:

"إِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ فِتْنَةً وَفِتْنَةُ أُمَّتِي الْمَالُ"۔(۱)

ترجمہ: بے شک ہر امت کا ایک فتنہ وآزمائش ہوتا ہے، (جس کے ذریعہ ان کو آزمایا جاتا ہے) اور میری امت کا فتنہ وآزمائش مال ہے۔

## مسنون دعا:

جب کوئی درد محسوس ہو تو یہ دعا پڑھیں:

"أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ"۔(۲)

ترجمہ: میں اللہ سے اس کی عزت اور اس کی قدرت کے ذریعے اس برائی (یعنی درد) سے پناہ مانگتا ہوں جسے میں اسوقت محسوس کر رہا ہوں اور (آئندہ اس کی زیادتی سے) ڈرتا ہوں۔

## مسائل واحکام:

مکروہات نماز:

۴۶- سجدہ کی جگہ جاندار کی تصویر کا ہونا۔

۴۷- مسجد میں نماز کے لئے کسی جگہ کو متعین (مخصوص/مختص) کر لینا۔

۴۸- سونے والوں کے پیچھے نماز پڑھنا۔ ۴۹- کسی ایک سورت کا متعین کر لینا

۵۰- ایسی جگہ بغیر سترہ کے نماز پڑھنا جہاں لوگوں کے گزرنے کا گمان ہو۔

---

(۱) سنن ترمذي، كتاب الزہد، رقم الحديث: ۲۳۳۶۔

(۲) مسلم، كتاب السلام، رقم الحديث: ۵۷۳۷۔

# درس نمبر: ۳۹

## حدیث:

"مَنْ تَمَسَّكَ بِسُنَّتِيْ عِنْدَ فَسَادِ أُمَّتِيْ فَلَهُ أَجْرُ مِائَةِ شَهِيْدٍ"۔(۱)

ترجمہ: جس شخص نے میری امت میں بگاڑ آجانے کے وقت میری سنت کو مضبوطی سے تھامے رکھا (دلیل بنایا) اسے سو شہیدوں کا ثواب ملے گا۔

## مسنون دعا:

بیمار کی عیادت کے لئے جائیں تو اس کو ان الفاظ کے ساتھ تسلی دیں:

"لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ"۔(۲)

ترجمہ: کچھ ڈر (حرج) نہیں اگر اللہ چاہے تو یہ بیماری گناہوں سے پاک کرنے والی ہے۔

## مسائل واحکام:

مکروہات نماز:

۵۱-کسی شخص کے منہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنا۔

۵۲-ہر وہ چیز جو کہ نماز کے خشوع میں خلل پیدا کرنے والی ہو۔

۵۳-فرض کی کسی بھی رکعت میں کسی سورت کو مکرر پڑھنا۔

۵۴-رکوع سے اٹھتے وقت کُرتے کو سنوارنا، یا سجدے میں جاتے وقت لنگی یا پائجامہ سمیٹنا۔

---

(۱)مشکوۃ، کتاب الإیمان، رقم الحدیث:۱۷۶۔

(۲)بخاري، کتاب المناقب، رقم الحدیث:۳۶۱۶۔

# درس نمبر: ۴۰

## حدیث:

"خَالِفُوا الْمُشْرِكِيْنَ وَوَفِّرُوا اللُّحٰى وَاحْفُوا الشَّوَارِبَ"۔ (۱)

ترجمہ: مشرکین کی مخالفت کرو، داڑھیاں بڑھاؤ اور مونچھیں کترواؤ (ہلکی کراؤ)۔

## مسنون دعا:

جو رخصت ہو رہا ہو وہ رخصت کرنے والے کو کہے:

"أَسْتَوْدِعُكَ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا يَضِيْعُ وَدَائِعُهُ"۔ (۲)

ترجمہ: تم کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں جس کی حفاظت میں دی ہوئی چیزیں ضائع نہیں ہوتی ہیں۔

## مسائل واحکام:

نماز جنازہ کے دو فرض ہیں: ☆

۱- تکبیر تحریمہ سمیت چار تکبیر کہنا۔

۲- قیام یعنی کھڑے ہو کر نماز جنازہ ادا کرنا۔

نماز جنازہ کے اندر تین سنتیں ہیں:

۱- اللہ کی حمد بیان کرنا۔

۲- نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنا۔

۳- میت کے لئے دعا کرنا۔

☆ اگر کسی شخص نے نماز جنازہ میں امام کے ساتھ تکبیرات نہ کہیں تو نماز جنازہ ادا نہ ہوگی۔

(۱) بخاري، كتاب اللباس، رقم الحديث: ۵۸۹۲۔

(۲) مسند احمد بن حنبل، مسند ابي هريرة، ۳/۴۰۳، رقم الحديث ۸۹۷۷

# یادداشت